سکول میں آب و ہوا کے لحاظ سے ہم ایک اچھے ماحول کا لطف اٹھاتے ہیں

شمسی توانائی کی مدد سے 170 تعلیمی مراکز کو ماحول کے مطابق تیار کیا جائے گا

اس منصوبے کے تحت 170 مراکز میں کام کیا جائے گا:

149 سکول

16 سکول کالج

2 خصوصی تعلیم کے سکول جن کی ملکیت میونسپل ہے

3 کالج جن کی میونسپل ملکیت ہے

نافذ العمل منصوبے کے تحت، سرکاری سطح کے تمام چھوٹے بچوں کے سکول اور پرائمری سکولوں میں یہ سہولت فراہم کی جائے گی

پائیدار، ماحول دوست، صحت بخش اور پرسکون تعلیم کے لئے

ہم 30,000 مربع میٹر کے قریب سولر پینل نصب کریں گے۔

سکول اور شہر کیلئے صاف توانائی پیدا کریں گے۔

تعلیمی مراکز خاص طور پر ماحول کی تبدیلی کے نتیجہ میں اثر انداز ہوتے ہیں، جہاں سیکھنے اور بقائے باہمی والے مقامات پر سال کے مختلف ادوار کے مطابق حرارت کی وجہ سے پڑھائی، آرام اور صحت متاثر ہوتی ہے۔

منصوبہ Clima Escuela Barcelona سکول کے کمروں میں ہوا داری اور مناسب موسم کو یقینی بنانے کے لئے 170 سہولیات پر ضروری تعمیری کام انجام دے گا۔

امکان ہے کہ سال 2029 تک ایسے کاموں کو انجام دیا جائے گا جو تعلیمی سہولت گاہوں پر شمسی توانائی اور کاربن ربائی کے ذریعہ 55,519 طلباء کی روزمرہ زندگی کو بہتر بنانے کے علاوہ شہر میں ماحول دوست کی جانب بڑھنے کے راستے ہموار کریں گے۔

کونسل بارسیلونا سیاحت پر اضافی محصول کے ذریعہ اس منصوبے کے اخراجات برداشت کر رہی ہے اور اس کا نفاذ بارسیلونا کے تعلیمی کنسورشیم کی جانب سے کیا جائے گا۔

Finançat amb impost turístic

Consorci d'Educació de Barcelona
Generalitat de Catalunya
Ajuntament de Barcelona

Ajuntament de Barcelona

کون سے کام انجام دیے جائیں گے؟

سولر پینلز کے علاوہ موسم اور ہوا داری کا نظام نصب کیا جائے گا، جہاں آٹومیشن کنٹرول ہو گا۔

ہر مرکز کی صورتحال کے مطابق انہیں پہلے تیار کیا جائے گا اور چھتوں اور واٹر پروفنگ کا جائزہ لیا جائے گا۔

سکول کے لئے کیا بہتری متوقع ہے؟

• توانائی کا دور زیادہ پائیدار ہو گا۔

• اندرونی ہوا کے معیار کو حالیہ تقاضوں کے تحت جدید بنایا جائے گا ((HS-3 CTE۔

• ان مقامات پر سردی اور گرمی دونوں میں ماحول سازگار رہے گا۔

کن تاریخوں میں تعمیراتی کام انجام دیے جائیں گے؟

یہ عمل دو بڑے مراحل میں انجام پذیر ہو گا:

• پہلا مرحلہ (2026-2024): تکنیکی ضرورت اور تکنیکی صلاحیت کے معیار کے تحت کل 84 مراکز میں ترجیحی بنیاد پر انجام دیا جائے گا۔

• دوسرا مرحلہ (2029-2027): باقی 86 سکولوں میں انجام دیا جائے گا۔

مراکز کی روزمرہ کی زندگی پر یہ تعمیری کام کیسے اثر انداز ہوں گے؟

تعمیراتی کام کرسمس کے ماہ (دسمبر) اور گرمیوں (جولائی اور اگست) میں انجام دیے جائیں گے تاکہ تعلیمی کیلنڈر پر اثر انداز نہ ہوں۔

ایسے مقامات پر جہاں پیچیدگی کے سبب تنصیب کا کام سکول کی تعطیلات کے اختتام سے پہلے ختم نہ ہو، اس صورت میں تعلیمی اوقات کے بعد کام کیا جائے گا۔

منصوبہ سکولوں کے لئے۔

منصوبہ شہر کے لئے۔

مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں barcelona.cat/pla-clima-escola